# مطبوعات

**مجموعہ مقالاتِ علمیہ** | شائع کردہ مجلس ادارت حیدر آباد اکاڈیمی ۔ حیدر آباد ۔ دکن ۔ قیمت تین روپے ۔ صفحات ۱۹۲ ۔ کاغذ، کتابت پسندیدہ ۔

حیدر آباد اکاڈیمی ہر سال ایک علمی ہفتہ مناتی ہے ۔ اہل ذوق کی محفل منعقد کی جاتی ہے، اور اس میں لوگ اپنی اپنی علمی تحقیقات کے قیمتی نتائج پیش کرتے ہیں ۔ اس کوشش کا مقصد یہ ہے، کہ لوگوں کو ایک طرف تازہ ترین علمی معلومات کی غذا بہم پہنچتی رہے اور دوسری طرف ان کے مذاق میں سنجیدگی پیدا ہو ۔

اس قسم کے جو مجموعے مختلف اداروں کی طرف سے شائع ہوتے رہتے ہیں، ان میں ایک کتاب کی سی یک جہتی بھی پائی جاتی ہے اور رسائل کا تنوع بھی موجود ہوتا ہے ۔ اور ان سے مختلف طبائع کے لوگ سیراب ہو سکتے ہیں ۔ پیشِ نظر مجموعہ بھی اسی شان کا حامل ہے، اس کے مطالعہ سے کاروانِ علم کی مجموعی پیشقدمی کا اندازہ بھی ہوتا ہے اور مختلف میدانوں میں انسانی دنیا جو ذخائر معلومات فراہم کر رہی ہے، ان سے علیحدہ علیحدہ استفادہ بھی کیا جا سکتا ہے ۔

اس علمی دسترخوان کو سجانے میں اُستادانِ فن بھی شریک ہیں اور نو آموز کارکن بھی، دینیات کے ماہر بھی شریک ہیں اور معاشیات کے عالم بھی ۔ ریاضی اور طبیعات کے فاضل بھی ہیں اور تاریخ و تعلیم کے محقق بھی ۔ بحمد اللہ کہ ان لوگوں کی تحریروں میں جدید عہد کا ملحدانہ نقطۂ نظر کار فرما نہیں ہے، لیکن دوسری طرف یہ بھی حقیقت ہے، کہ اکیڈیمی کے مقالہ نگار علوم کو مسلمان بنانے کیلئے ایک علمی انقلاب برپا کرنے اور ایک نئی ذہنی امامت کا علم اٹھانے کی اسپرٹ سے کام نہیں لے رہے ۔ جس دن اس کام کے لئے کوئی اکیڈیمی قائم ہوگی، وہ دن اس جاہلی تہذیب کے لئے حد درجہ منحوس ہوگا ۔

**مسلم انڈیا** | مرتبہ و مؤلفہ جناب کاشش البرنی صاحب ۔ گرد پوش سے مزین جلد صفحات ۲۷۲ ۔ قیمت تین روپے ۔